**B–38–X**

Roll No........ .......

Total No. of Questions : **12 + 12**]

[Total No. of Printed Pages : **24**

# XIIARJKUT23
# 9138-X
# URDU

(New/Old Course)

**Time : 3 Hours]** **[Maximum Marks : 100**

***NOTE :—*** The questions in the question paper are based on revised and pre-revised syllabus marked as **"New Course"** and **"Old Course"** respectively and candidates are advised to appear in the relevant course meant for them. Candidates who attempt the questions partly from **"New Course"** and partly from **"Old Course"** will not be awarded. Candidates are also advised to record **"New Course"** or **"Old Course"** as the case may be on the front page of the answer-book.

## *(New Course)*

۱۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس کے آخر پر پوچھے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھیے۔ ۵×۲=۱۰

(الف) ”کلیم جب گھر سے نکلا تو کھانا تیار تھا لیکن وہ اس قدر طیش میں تھا



https://www.jkboseonline.com

کہ اس نے کھانے کی مطلق پرواہ نہ کی اور بے کھائے نکل کھڑا ہوا۔ مرزا کے ملنے کے بعد وہ منتظر تھا کہ آخر مرزا کچھ پوچھیں ہی گے تو کہہ دوں گا۔ مرزا کو ہر چند کھانے کی نسبت پوچھنا ضرور تھا کیوں کہ اول تو کچھ ایسی رات زیادہ نہیں گئی تھی۔ دوسرے یہ اس کو معلوم ہو چکا تھا کہ کلیم گھر سے لڑ کر نکلا ہے، تیسرے دونوں میں بے تکلفی غایت درجے کی تھی۔ لیکن مرزا قصداً اس بات سے معترض نہ ہوا اور کلیم بے چارے کا بھوک کے مارے یہ حال کہ مسجد میں آنے سے پہلے اس کی انتڑیوں نے قل ھو اللہ پڑھنی شروع کر دی تھی۔''

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کون ہیں؟

(ii) کلیم نے کس کی مطلق پرواہ نہ کی؟

(iii) مرزا کو کیا معلوم ہو چکا تھا؟

(iv) دونوں میں بے تکلفی کس درجہ کی تھی؟

(v) مسجد میں آنے سے پہلے کلیم کی انتڑیوں نے کیا پڑھنا شروع کیا تھا؟

(ب) ''چار دل چار راہیں'' میں تین ہیروئنیں تھیں، مینا کماری، نمی اور کم کم۔ ہر ایک نے اپنی اپنی کہانی میں لاجواب کام کیا تھا لیکن ہمارے اسٹاف کے سب لوگ ''ہیروئن نمبرون'' مینا کماری کو کہتے تھے، کیوں؟ یہ کسی کو معلوم نہیں تھا۔ بس کہنے لگے تھے۔ شاید اس لئے کہ وہ کسی طرح بھی ہیروئن نہیں لگتی تھی۔ فلم اسٹاروں جیسے بھڑک دار کپڑے نہیں پہنتی تھی۔ سفید کلپ لگی وائل کی ساڑھی اس کا پسندیدہ لباس تھا۔ فلمی ستاروں کی طرح اٹھلا کر بات نہیں کرتی تھی۔ فلم اسٹاروں کی طرح



https://www.jkboseonline.com

نخرے نہیں کرتی تھی ۔ ڈائیلاگ گھر سے یاد کر کے آتی تھی ۔ آتے ہی یہ نہیں پوچھتی تھی کہ آج کون سا سین کرنا ہے ۔ آپ نے ڈائیلاگ کے جو کاغذ بھجوائے تھے وہ تو گھر میں بھول گئی ہوں ۔''

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور مصنف کون ہے؟

(ii) فلم اسٹاروں کی طرح وہ کیا نہیں کرتی تھی ؟

(iii) فلم اسٹار آتے ہی کیا پوچھتے ہیں ؟

(iv) فلم چار دل چار راہیں میں کون کون سی ہیروئنیں تھی ؟

(v) مینا کماری کا پسندیدہ لباس کیا تھا ؟

۲ ۔ درج ذیل سوالات میں سے دو سوالوں کے جواب پچاس (50) سے ساٹھ (60) الفاظ میں تحریر کیجیے: ۲×۴=۸

(i) سبق ''گذرا ہوا زمانہ'' میں سرسید نے کیا پیغام دیا ہے؟


https://www.jkboseonline.com

(ii) بنسی دھر نے الو پی دین کے ساتھ کیا کیا؟

(iii) ''یونیسکو کی چھتری'' میں مصنف کی بیوی کس غلط فہمی کا شکار ہو گئی تھی؟

(iv) مینا کماری کی شخصیت کی چند خوبیاں تحریر کیجئے۔

۳۔ ''سفر نامہ'' یا ''افسانہ نگاری'' پر نوٹ لکھئے۔ ۲

۴۔ مولانا الطاف حسین حالؔی کے حالاتِ زندگی یا پریم چند کی ادبی خدمات تحریر کیجئے۔ ۲

۵۔ درج ذیل شعری اجزاء میں سے کسی ایک شعری حصے کو غور سے پڑھئے اور آخر پر دیئے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھئے۔ ۵×۲=۱۰

(الف) کانوں پہ ہو نہ میرے دیر و حرم کا احسان

روزن ہی جھونپڑی کا مجھ کو سحر نما ہو

پھولوں کو آئے جس دم شبنم وضو کرانے

رونا مرا وضو ہو نالہ مرا دعا ہو



https://www.jkboseonline.com

دل کھول کر بہاؤں اپنے وطن پہ آنسو

سرسبز جن کی نم سے بوٹا امید کا ہو

(i) یہ اشعار کس نظم سے لئے گئے ہیں اور نظم نگار کون ہیں؟

(ii) تیسرے شعر کی تشریح کیجئے۔

(iii) شاعر اپنے کانوں پر کس کا احسان نہیں لینا چاہتا ہے؟

(iv) پھولوں کو کون وضو کرانے کے لئے آتا ہے؟

(v) شاعر کس پر آنسو بہانا چاہتا ہے؟

(ب) منھ پھیر کے یہ کہنے لگیں شاہ کی ہمشیر

غیرت کی ہے جا غیرتو ہوں فدائے شبیر

منھ پھیریں وہ مقتل سے جو ہوں صاحبِ شمشیر

شکوہ ہے مقدر کچھ ان کی نہیں تقصیر

انصاف تو کیجئے مجھے کیوں کر نہ گلا ہو

وہ پہلے بے دم نہ ہوں لہو جن میں ملا ہو

(i) یہ بند کس مرثیہ سے لیا گیا ہے اور مرثیہ نگار کون ہے؟

(ii) منھ پھیر کر شاہ کی ہمشیر نے کیا کہا؟

(iii) شاہ کی ہمشیر کس سے شکوہ کرتی ہے؟

(iv) پہلے چار مصرعوں میں قافیہ کی نشاندہی کیجئے۔

(v) آخری بند کے آخری دو مصرعوں کی وضاحت کیجئے۔



https://www.jkboseonline.com

۶۔ درج ذیل سوالوں میں سے دو کے جواب ساٹھ (60) سے ستر (70) الفاظ میں لکھیے۔ ۲×۵=۱۰

(الف) ''مومن خان مومنؔ'' یا ''حامدی کاشمیری'' کی غزل گوئی پر نوٹ لکھیے۔

(ب) ''مرزا غالبؔ'' یا ''میر تقی میرؔ'' کے حالاتِ زندگی لکھیے۔

(ج) ''پروین شاکر'' کی شاعرانہ عظمت بیان کیجئے۔

(د) غزل یا نظم پر نوٹ لکھیے۔

۷۔ نظم ''شیشوں کا مسیحا'' کے مرکزی خیال کی وضاحت کیجئے۔ ۶

(یا)

اقبالؔ یا میر انیسؔ کے حالاتِ زندگی لکھیے۔

۸۔ صرف دو اصطلاحات کی تعریف مثالوں کے ساتھ لکھیے۔ ۲×۲=۴

(i) تجاہلِ عارفانہ۔



https://www.jkboseonline.com

(ii) مطلع۔

(iii) حسن تعلیل۔

(iv) ردیف۔

۹۔ ذیل میں سے دو سوالات کے جواب تفصیل سے لکھئے۔ ۷×۲=۱۴

(الف) ''علی گڑھ تحریک'' کی علمی و ادبی خدمات کا تذکرہ کیجئے۔

(ب) ''دبستان دلی'' کی شاعرانہ خصوصیات تحریر کیجئے۔

(ج) ''خطوط غالب'' کی ادبی اہمیت تحریر کیجئے۔

(د) ''ترقی پسند تحریک'' کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

۱۰۔ اپنے چاچا کی خدمت میں آپ کے جنم دن پر بھیجے گئے انمول تحفے کے لئے شکریہ کا ایک خط لکھئے۔ ۸



https://www.jkboseonline.com

(یا)

کمشنر میونسپل کارپوریشن کی خدمت میں اپنے علاقے کے گرے ہوئے صاف وصفائی کے معیار کی طرف توجہ دلانے کے لئے ایک شکایتی درخواست لکھئے۔

۱۱۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر دو سو(200) الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھئے۔ ۱۲

(i) صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے۔

(ii) علم کے فوائد۔

(iii) سائنس اور ہماری زندگی۔

(یا)

اپنے اسکول میں منائے گئے ''یوم اساتذہ'' کی تقریب کی اخباری رپورٹ تحریر کیجئے۔



https://www.jkboseonline.com

۱۲۔ درج ذیل سوالات کے جواب صرف ایک یا دو الفاظ میں لکھیے : ۶×۱=۶

(i) بنسی دھر کو کس کا داروغہ مقرر کیا گیا تھا ؟

(ii) سر سید احمد خاں کے نام میں لفظ ''سر'' کیا ہے؟

(iii) سبق ''مرحوم کی یاد میں'' کس صنف نثر سے تعلق رکھتا ہے؟

(iv) چھتری ڈھونڈنے میں مصنف کو کل کتنا خرچ اٹھانا پڑا تھا ؟

(v) مینا کماری کا تعلق کس شعبے سے تھا ؟

(vi) ''دبستانِ لکھنو'' سے وابستہ دو شعراء کے نام لکھیے ۔



https://www.jkboseonline.com

**B–38–X**

# XIIARJKUT23
# 9138-X
# URDU

(New/Old Course)

**Time : 3 Hours]** **[Maximum Marks : 100**

***NOTE :—*** The questions in the question paper are based on revised and pre-revised syllabus marked as **"New Course"** and **"Old Course"** respectively and candidates are advised to appear in the relevant course meant for them. Candidates who attempt the questions partly from **"New Course"** and partly from **"Old Course"** will not be awarded. Candidates are also advised to record **"New Course"** or **"Old Course"** as the case may be on the front page of the answer-book.

## *(Old Course)*

۱۔ سوال: درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس کے آخر پر دیئے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھیے۔

۵×۲=۱۰

(الف) ”وہ گھبرا کر پھر کھڑکی کی طرف دوڑا۔ اس کے پٹ کھولے تو



https://www.jkboseonline.com

دیکھا کہ آسمان صاف ہے۔ آندھی تھم گئی ہے، گھٹا کھل گئی ہے، تارے نکل آئے ہیں۔ ان کی چمک سے اندھیرا بھی کچھ کم ہوگیا ہے۔ وہ دل بہلانے کے لئے تاروں بھری رات کو دیکھ رہا تھا کہ یکایک اس کو آسمان کے بیچ میں ایک روشنی دکھائی دی اور اس میں ایک خوبصورت دلہن نظر آئی۔ اس نے ٹکٹکی باندھ کر اسے دیکھنا شروع کیا۔ جوں جوں وہ اسے دیکھتا تھا وہ قریب آتی جاتی تھی۔ یہاں تک کہ وہ اس کے بہت پاس آگئی۔ وہ اس کے حسن و جمال کو دیکھ کر حیران ہوگیا۔''

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور مصنف کون ہے؟

(ii) کھڑکی کے پٹ کھول کر اس نے کیا دیکھا؟

(iii) وہ تاروں بھری رات کو کیوں دیکھ رہا تھا؟

(iv) یکا یک اس نے آسمان میں کیا دیکھا ؟

(v) وہ کیا دیکھ کر حیران ہو گیا ؟

(ب) ''ایک بڑا فرق عام مصوری اور شاعرانہ مصوری میں یہ ہے کہ تصویر کی اصلی خوبی یہ ہے کہ جس چیز کی تصویر کھینچی جائے اس کا ایک ایک خال و خط دکھایا جائے ورنہ تصویر ناتمام اور غیر مطابق ہوگی۔ بخلاف اس کے شاعرانہ مصوری میں یہ التزام ضروری نہیں، شاعر اکثر صرف ان چیزوں کو لیتا ہے اور ان کو نمایاں کرتا ہے جن سے ہمارے جذبات پر اثر پڑتا ہے۔ باقی چیزوں کو وہ نظر انداز کرتا ہے یا ان کو دھندلا رکھتا ہے کہ اثر اندازی میں ان سے خلل نہ آئے۔''

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(ii) اس اقتباس کا مصنف کون ہے؟

(iii) تصویر کی اصلی خوبی کیا ہے؟

(iv) شاعرانہ مصوری میں شاعر کن چیزوں کو لیتا ہے؟

(v) کس وجہ سے شاعر باقی چیزوں کو نظرانداز کرتا ہے؟

۲۔ درج ذیل سوالات میں سے دو سوالوں کے جواب پچاس (50) سے ساٹھ (60) الفاظ میں دیجیے: ۲×۴=۸

(i) سرسید نے علمی میدان میں کون سے کارنامے انجام دیئے؟

(ii) موسیقی کس قوت کو اثرانداز کرتی ہے اور تصویر سے متاثر ہونے کی کیا شرط ہے؟

(iii) غلام خان کے ہاتھ میں مرغا دیکھ کر شاہ مال کیوں خوش ہوگئی؟



https://www.jkboseonline.com

(iv) غالبؔ کے اخلاق کیسے تھے؟ سوانحی مضمون ''مرزا غالب'' کی روشنی میں جواب لکھیے۔

۳۔ ''سوانح نگاری'' یا ''افسانہ نگاری'' پر نوٹ لکھیے۔ ۶

۴۔ سرسید احمد خاں کے حالاتِ زندگی یا شبلی نعمانی کی ادبی خدمات تحریر کیجیے۔ ۶

۵۔ درج ذیل شعری اجزاء میں سے کسی ایک شعری حصے کو غور سے پڑھیے اور اس کے آخر پر دیئے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھیے۔ ۵×۲=۱۰

(الف) مہندی لگائے سورج جب شام کی دلہن کو

سرخی لئے سنہری ہر پھول کی قبا ہو

راتوں کو چلنے والے رہ جائیں تھک کے جس دم

امید ان کی میرا ٹوٹا ہوا دیا ہو


https://www.jkboseonline.com

پچھلے پہر کی کوئل وہ صبح کی مؤذن

میں اس کا ہمنوا ہوں وہ میری ہمنوا ہو

(i) مذکورہ بالا اشعار کس نظم کے ہیں اور نظم نگار کون ہیں؟

(ii) کون کس کو مہندی لگائے گا؟

(iii) ٹوٹا ہوا دیا کس کی امید بن جائے؟

(iv) شاعر کس کو اپنا ہمنوا بنانا چاہتا ہے؟

(v) مذکورہ بالا اشعار کے دوسرے شعر کی تشریح کیجیے۔

(ب) او خار پڑا نہ تیرا چنگل

مشکیں کس لیں نہ تو نے سنبل

او بادِ صبا ہوا نہ بتلا

خوشبو ہی سنگھا پتا نہ بتلا



https://www.jkboseonline.com

بلبل تو چہک اگر خبر ہے

گل تو ہی مہک بتا کدھر ہے

(i) مذکورہ بالا اشعار کس مثنوی کے ہیں اور مثنوی نگار کون ہیں ؟

(ii) خار کس کو اپنے چنگل میں لے لیتا ؟

(iii) سنبل کس کو اپنی مشکوں میں باندھ لیتی ؟

(iv) بلبل اور گل کو کس کا پتہ بتلانے کے لئے کہا جاتا ہے؟

(v) مذکورہ بالا اشعار کے دوسرے شعر کی تشریح کیجئے ۔

۶۔ درج ذیل سوالات میں سے دو سوالوں کے جوابات ساٹھ (60) سے ستر (70) الفاظ میں تحریر کیجئے ۔ ۲×۵=۱۰

(i) ''غزل'' یا ''نظم'' پر نوٹ لکھئے ۔

(ii) ''غالبؔ'' یا ''حامدی کاشمیری'' کی شاعرانہ خوبیوں پر روشنی ڈالیے۔

(iii) ''مومن'' یا ''میر تقی میرؔ'' کے حالاتِ زندگی لکھیے۔

(iv) پروین شاکر کی شاعرانہ عظمت بیان کیجیے۔

(v) ''مرثیہ'' کے اجزائے ترکیبی تحریر کیجیے۔

۷۔ نظم ''حسن اور مزدوری'' کا خلاصہ لکھیے۔ ۶

(یا)

https://www.jkboseonline.com

''محمد رفیع سوداؔ'' یا ''اقبالؔ'' کے حالاتِ زندگی لکھیے۔

۸۔ درج ذیل میں سے صرف دو اصطلاحات کی وضاحت مثالوں کے ساتھ کیجیے۔ ۲×۲=۴

(i) مطلع۔



https://www.jkboseonline.com

(ii) مقطع۔

(iii) حسنِ تعلیل۔

(iv) تلمیح۔

۹۔ درج ذیل میں سے دو سوالات کے تفصیلی جوابات لکھیے۔ ۱۵=۲×۱/۲ ۷

(i) ''علی گڑھ تحریک'' کا دوسرا نام کیا ہے؟ اس تحریک نے علم و ادب کی کیا خدمت کی ہے؟ تحریر کیجئے۔

(ii) ''ترقی پسند تحریک'' کے بارے میں اپنی پوری جانکاری تحریر کیجئے۔

(iii) ''اردو زبان کے آغاز و ارتقا'' کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ تحریر کیجئے۔

(iv) ''دبستانِ دلی'' کی چند امتیازی شاعرانہ خوبیاں تحریر کیجئے۔



https://www.jkboseonline.com

۱۰۔ اپنے کسی دوست کو امتحان میں شاندار کامیابی حاصل کرنے پر مبارکبادی کا ایک خط تحریر کیجئے۔ ۸

(یا)

فرض کیجئے کہ آپ کی بائیسکل چوری ہو گئی ہے۔ اس کو دوبارہ حاصل کرنے کے لئے نزدیکی پولیس اسٹیشن میں گمشدگی کی رپورٹ درج کیجئے۔

۱۱۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر دو سو (200) الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے۔ ۱۲

(i) ماحولیاتی آلودگی کے مضر اثرات۔

(ii) کھیلوں کی اہمیت۔

(iii) منشیات کا پھیلتا زہر۔



https://www.jkboseonline.com

(یا)

اپنے اسکول میں منعقدہ ''یوم اساتذہ'' کی پروقار تقریب کی مکمل کاروائی تحریر کیجئے۔

(یا)

کسی دلدوز سڑک حادثے کی اخباری رپورٹ تحریر کیجئے۔

۱۲ معروضی سوالات (Objective Type Questions) کے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔ ۱×۵=۵

(i) علی گڑھ کالج کس سن میں قائم ہوا؟

(a) ۱۶۷۷ء۔

(b) ۱۷۷۷ء۔

(c) ۱۸۷۷ء۔

(d) ۱۹۷۷ء۔


https://www.jkboseonline.com

(ii) سبق ''مرزا غالب''، کس صنف نثر سے تعلق رکھتا ہے؟

(a) سوانح نگاری۔

(b) ناول۔

(c) افسانہ۔

(d) انشائیہ۔

(iii) شبلی نعمانی کہاں پیدا ہوئے؟

(a) دلی۔

(b) سکندرآباد۔

(c) اعظم گڑھ۔

(d) حیدرآباد۔



https://www.jkboseonline.com

(iv) ان میں سے کس شاعر کا تعلق مثنوی نگاری سے ہے؟

(a) غالبؔ۔

(b) انیسؔ۔

(c) نسیمؔ۔

(d) سوداؔ۔

(v) ''گریز'' کس صنفِ سخن کا جز ہے؟

(a) مرثیہ۔

(b) قصیدہ۔

(c) غزل۔

(d) مثنوی۔



https://www.jkboseonline.com

**E–16–A**

Roll No ...........................

Total No. of Questions : 12 + 12] [Total No. of Printed Pages : 24

# XIIAPBIAJKLK23

# 9816–A

# URDU

**(New/Old Course)**

**Time : 3 Hours]** **[Maximum Marks : 100**

*NOTE :—* The questions in the question paper are based on revised and **pre-revised** syllabus marked as **"New Course"** and **"Old Course"** respectively and candidates are advised to appear in the relevant course meant **for them.** Candidates who attempt the questions partly from **"New Course"** and **partly** from **"Old Course"** will not be awarded. Candidates are also advised **to record** **"New Course"** or **"Old Course"** as the case may be on the front page **of the** answer-book.

## *(New Course)*

۱۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھنے کے بعد اس کے آخر میں پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھئے۔ ۵×۲=۱۰

(الف) آخرکار بائیسکل پر سوار ہوا۔ پہلا ہی پاؤں چلایا تو ایسا



https://www.jkboseonline.com

معلوم ہوا جیسے کوئی مردہ اپنی ہڈیاں چٹخا چٹخا کر اپنی مرضی کے خلاف زندہ ہوتا ہے، گھر سے نکلتے ہی کچھ تھوڑی سی اُترائی تھی اس پر بائیسکل خود بخود چلنے لگی لیکن اس رفتار سے جیسے تارکول زمین پر بہتا ہے اور ساتھ ہی مختلف حصوں سے طرح طرح کی آوازیں برآمد ہونی شروع ہوئی ۔

(i) مصنف کو بائیسکل پر پاؤں رکھتے ہی کیا معلوم ہوا ؟

(ii) بائیسکل کی رفتار کیسی تھی ؟

(iii) گھر سے نکلتے ہی کیا تھا ؟

(iv) بائیسکل کے چلتے ہی کیسی آوازیں برآمد ہوئی ؟

(v) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کا مصنف کون ہے؟

(ب)   باوجود یہ کہ مرزا کی آمدنی اور مقدور بہت کم تھی مگر خودداری اور حفظ وضع کو وہ کبھی ہاتھ سے جانے نہ دیتے تھے۔ شہر کے امراء و عمائد سے برابر کی ملاقات تھی۔ کبھی بازار میں بغیر پالکی یا ہوادار کے نہیں نکلتے تھے۔ عمائدِ شہر میں سے جو لوگ ان کے مکان پر نہیں آتے تھے۔ وہ بھی کبھی ان کے مکان پر نہیں جاتے تھے۔

(i)   مرزا کس چیز کو ہاتھ سے نہیں جانے دیتے تھے ؟

(ii)   مرزا کی شہر کے کن لوگوں سے ملاقات ہوتی رہتی تھی ؟

(iii)   مرزا کن لوگوں کے مکان پر نہیں جاتے تھے ؟

(iv) مرزا کس میں بازار جایا کرتے تھے؟

(v) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کا مصنف کون ہے؟

۲۔ درج ذیل سوالات میں سے صِرف دو کے جواب لکھئے : ۲×۴=۸

(i) کلیم نے جس مسجد میں رات گذاری اس کا نقشہ اپنے الفاظ میں کھینچئے۔

(ii) شاہ مال اور مریل جانی کے مرغوں کا حُلیہ تحریر کیجئے۔

(iii) یونیسکو کی چھتری میں خط پڑھ کر مصنف کی بیوی کس غلط فہمی کی شکار ہو جاتی ہے؟

(iv) ''گذرا ہوا زمانہ'' میں بوڑھا زندگی کے کن ادوار کو یاد کرتا ہے؟

۳۔ انشائیہ یا ناول پر نوٹ لکھئے۔ ۲

۴۔ شبلی نعمانی کے حالات زندگی یا سرسید کے ادبی خدمات تحریر کیجئے۔ ۲

۵۔ درج ذیل شعری اجزاء میں سے کسی ایک جز کو غور سے پڑھئے اور اس کے آخر میں پوچھے گئے سوالات کا جواب لکھئے۔ ۵×۲=۱۰

(الف) اُف یہ ناداری میرے سینے سے اٹھتا ہے دھواں

آہ اے افلاس کے مارے ہوئے ہندوستان

حُسن ہو مجبور کنکر توڑنے کے واسطے

دست نازک اور پتھر توڑنے کے واسطے

فکر سے جھک جائے وہ گردن اے لیل ونہار

جس میں ہونا چاہیے پھولوں کا اک ہلکا ہار

(i) شاعر کا دل کس وجہ سے جل اٹھتا ہے؟

(ii) دوشیزہ کس کام کے لئے مجبور ہے؟

(iii) شاعر کس بات کے لئے ملامت کرتا ہے؟

(iv) شاعر دوشیزہ کے لئے کس خواہش کا اظہار کرتا ہے؟

(v) مذکورہ اشعار کس نظم سے لئے گئے ہیں اور نظم کا شاعر کون ہے؟

(ب) مرتا ہوں خامشی پر آرزو ہے میری

دامان کوہ میں اک چھوٹا سا جھونپڑا ہو

لذت سرود کی ہو چڑیوں کے چہچہے میں

چشمے کی شورشوں میں باجا سا بج رہا ہو

آغوش میں زمین کے سویا ہوا ہو سبزہ

پھر پھر کے جھاڑیوں میں پانی بہہ رہا ہو

(i) یہ اشعار کس نظم سے لیئے گئے ہیں اور اس کا شاعر کون ہے؟

(ii) شاعر کس پر مرتا ہے اور اس کی آرزو کیا ہے ؟

(iii) شاعر کے لئے چڑیوں کا چہچہانا اور چشمے کی شورش کن

کا لطف دیتے ہیں ؟

(iv) شاعر کو زمین کے آغوش میں کیا سویا ہوا نظر آئے ؟

(v) شاعر نے ان اشعار میں کس کی خوبصورتی بیان کی

ہے؟

۶۔ درج ذیل سوالات میں سے دو کے جواب ساٹھ (۶۰) یا ستر (۷۰) الفاظ میں تحریر کیجئے : ۲ x ۵ = ۱۰

(الف) غزل یا مثنوی پر نوٹ لکھئے۔

(ب) غالب یا آتش کی شاعرانہ خوبیوں پر روشنی ڈالئے۔

(ج) حسرت موہانی یا پروین شاکر کے حالات زندگی تحریر کیجئے۔

(د) میر تقی میر کی شاعرانہ عظمت بیان کیجئے۔

۷۔ نظم ''حُسن اور مزدوری'' کا خُلاصہ تحریر کیجئے۔ ۶

یا

جوش یا فیض کے حالات زندگی تحریر کیجئے۔

۸۔ درج ذیل شعری اصطلاحات میں سے صرف دو کی تعریف مع مثال لکھئے : ۲x۲=۴

حُسن مطلع۔ شاہ بیت۔ قافیہ۔ تلمیح

۹۔ تاریخ ادب سے متعلق پوچھے گئے سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھیے : ۷x۲=۱۴

(الف) اُردو زبان کے آغاز و ارتقاء کے بارے میں جانکاری دیجیے۔

(ب) ترقی پسند تحریک نے اُردو ادب کو ایک نیا ذہن دیا اس بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

(ج) دبستان دلی کی شاعرانہ خوبیاں تحریر کیجیے۔

(د) خطوط غالب کی ادبی اہمیت بیان کیجیے۔

۱۰۔ اپنے والد کو خط کے ذریعے گھر کی جانکاری دیجئے۔ ۸

یا

اپنے پرنسپل صاحب کی خدمت میں لائبریری روم میں اخبارات اور رسائل مُہیا کر رکھنے کے لئے درخواست لکھئے۔

۱۱۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر (۲۰۰) دوسو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے: ۱۲

(i) ماحولیاتی آلودگی

(ii) سائنس کی چند مُفید ایجادات

(iii) آپ کا بہترین دوست

یا

اپنے اسکول میں منائے گئے یومِ والدین کی تقریب کی اخباری رپورٹ تحریر کیجئے۔

۱۲۔ درج ذیل سوالات کا جواب مختصر ترین الفاظ میں لکھئے : ۶

(i) رسالہ ''تہذیب الاخلاق'' کس تحریک کے دوران شائع ہوا ؟

(ii) درسی کتاب میں شامل مینا کماری خاکہ کس نے لکھا ہے؟

(iii) ''گذرا ہوا زمانہ'' کس مصنفِ نثر سے تعلق رکھتا ہے ؟

(iv) یونیسکو کی چھتری کی قیمت کیا تھی ؟

(v) درسی کتاب میں شامل سوانح مضمون کا نام لکھئے۔

(vi) ''مرحوم کی یاد میں'' کس کا لکھا ہوا انشائیہ ہے؟

**E–16–A**

# XIIAPBIAJKLK23

# 9816-A

# URDU

(New/Old Course)

**Time : 3 Hours]** **[Maximum Marks : 100**

***NOTE :—*** The questions in the question paper are based on revised and pre-revised syllabus marked as **"New Course"** and **"Old Course"** respectively and candidates are advised to appear in the relevant course meant for them. Candidates who attempt the questions partly from **"New Course"** and partly from **"Old Course"** will not be awarded. Candidates are also advised to record **"New Course"** or **"Old Course"** as the case may be on the front page of the answer-book.

## *(Old Course)*

۱۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھنے کے بعد اس کے آخر میں پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھئے۔ ۵×۲=۱۰

(الف) ایک دن مرزا صاحب اور میں برآمدے میں ساتھ ساتھ



https://www.jkboseonline.com

کرسیاں ڈالے چپ چاپ بیٹھے تھے۔ جب دوستی بہت
پُرانی ہو جائے تو گفتگو کی چنداں ضرورت باقی نہیں رہتی۔
اور دوست ایک دوسرے کی خاموشی سے بھی لطف اندوز ہو
سکتے ہیں، یہی حالت ہماری تھی۔ ہم دونوں اپنے اپنے
خیالات میں غرق تھے۔ مرزا صاحب تو خدا جانے کیا سوچ
رہے تھے۔ لیکن میں زمانے کی ناسازگاری پر غور کر رہا تھا۔
دور سڑک پر تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد ایک موٹر کار گزر
جاتی تھی۔ میری طبیعت کچھ ایسی واقع ہوئی ہے کہ جب کبھی
موٹر کار کو دیکھوں تو مجھے زمانے کی ناسازگاری کا خیال
ضرور ستانے لگتا ہے۔

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کا مصنف کون ہے ؟

(ii) جب دوستی بہت پُرانی ہو جائے تو کس چیز کی ضرورت نہیں رہتی ؟

(iii) دونوں کس چیز میں غرق تھے ؟

(iv) مصنف کس بات پر غور کر رہا تھا ؟

(v) موٹر کار کو دیکھکر متکلم کو کس چیز کا خیال ستانے لگتا ہے ؟

(ب) اصلی شاعر وہی ہے جس کو سامعین سے کچھ غرض نہ ہو۔ لیکن کچھ بہ تکلف شاعر بنتے ہیں ان کا بھی فرض ہے کہ ان کے

انداز کلام سے یہ مطلق نہ پایا جائے کہ وہ سامعین کو مخاطب

کرنا چاہتے ہیں ایک ایکٹر کو خوب معلوم ہے کہ بہت سے

حاضرین اس کے سامنے موجود ہیں لیکن اگر ایکٹ کی

حالت میں وہ اس علم کا اظہار کر دے تو سارا پارٹ غارت

ہو جائے۔

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کا مصنف

کون ہے؟

(ii) اصل شاعر کون ہے؟

(iii) جو لوگ بہ تکلف شاعر بنتے ہیں ان کا فرض کیا ہے؟

(iv) ایک ایکٹر کو کیا معلوم ہوتا ہے ؟

(v) ایکٹر کا سارا پارٹ کب غارت ہو جائے گا ؟

۲۔ صرف دو سوالات کے جواب لکھیے : ۲ × ۴ = ۸

(i) کون سے وہ اعمال ہیں جن کے کرنے سے نیکی کی دلہن کو تسخیر کیا جا سکتا ہے۔ گذرا ہوا زمانہ کی روشنی میں جواب لکھیے۔

(ii) گلی ڈنڈا کس کا لکھا ہوا افسانہ ہے اور اس افسانے میں بچوں کی نفسیات کو کس طرح اُجاگر کیا گیا ہے ؟

(iii) غالب اپنے دوستوں سے کس طرح پیش آتے تھے ؟

(iv) یونیسکو کی چھتری میں مصنف کو ہوٹل میں کس کا فون کہاں سے آتا

ہے؟ فون پر بات کرنے والی کس غلط فہمی کی شکار ہوتی ہے؟

۳۔ ''مختصر افسانہ'' یا ''سوانح نگاری'' پر نوٹ لکھئے۔ ۶

۴۔ منشی پریم چند کے حالات زندگی یا شبلی کے ادبی کارنامے تحریر کیجئے۔ ۶

۵۔ کسی ایک شعری جُز کو غور سے پڑھنے کے بعد آخر پر پوچھے گئے

https://www.jkboseonline.com

سوالات کے جواب لکھئے: ۵×۲=۱۰

(الف) کانوں پہ ہو نہ میرے دیر و حرم کا احسان

روزن ہی جھونپڑی کا مجھ کو سحر نما ہو

پھولوں کو آئے جس دم شبنم وضو کرانے

رونا میرا وضو ہو، نالہ میرا دعا ہو

(i) یہ شعری جز کس نظم سے لیا گیا ہے اور اس کا شاعر کون ہے ؟

(ii) شاعر کے کان کن کا احسان نہیں لینا چاہتے ہے ؟

(iii) شاعر کس سے سحر نما کا کام لینا چاہتا ہے ؟

(iv) پھولوں کو کون وضو کرانے آتا ہے ؟

(v) شاعر کے لئے وضو اور دعا کیا ہیں ؟

( ب ) پھر دنیا والوں نے تم سے

یہ ساغر لیکر پھوڑ دیا

جو مئے تھی بہادی مٹی میں

مہمان کا شہپر توڑ دیا

(i) یہ شعری جز کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(ii) اس نظم کا شاعر کون ہے؟

(iii) دنیا والوں نے کیا چھوڑ دیا؟

(iv) مئے کس میں بہا دی؟

(v) مہمان کا کیا توڑ دیا؟

۲۔ پوچھے گئے سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھیے: ۵×۲=۱۰

(الف) اردو غزل یا مرثیہ پر نوٹ لکھیے۔

(ب) غالب یا حامدی کشمیری کی غزل گوئی پر روشنی ڈالیے۔

(ج) میر تقی میر کے حالات زندگی تحریر کیجیے۔

(د) پروین شاکر کی شاعرانہ عظمت بیان کیجیے۔

۷۔ نظم ''ایک آرزو'' کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ ۶

یا

اقبال یا سردار جعفری کے حالات زندگی تحریر کیجئے۔

۸۔ صرف دو شعری اصطلاحات کی تعریف مع مثال لکھئے : ۲×۲=۴

مطلع۔ تشبیہ۔ صنعت تجنیس۔ صنعت تضاد۔

۹۔ تاریخ ادب سے متعلق پوچھے گئے سوالات میں سے دو کے جواب لکھئے : ۷×۲=۱۵

(i) ترقی پسند تحریک سے متاثر کسی ایک ادیب کے حالات زندگی تحریر کیجئے۔

(ii) علی گڑھ تحریک کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ وضاحت سے لکھئے۔

(iii) غالب کے خطوط کی چند نمایاں خوبیاں تحریر کیجئے۔

(iv) دبستان دلّی کی شاعرانہ خوبیاں تحریر کیجئے۔

۱۰۔ اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام جرمانہ معاف کروانے کے لئے درخواست لکھئے۔ ۸

یا

اپنے دوست کو امتحان میں ناکامیاب ہونے پر خط لکھئے۔ جس میں اُسے جی لگا کر پڑھنے کی تلقین کی گئی ہو۔

۱۱۔ کسی ایک عنوان پر ۲۰۰ الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے۔ ۱۲

(i) ماحولیاتی آلودگی

(ii) اسکول ایکسکرشن

(iii) سائینس کی کوئی سودمند ایجاد۔

یا

آپ کے اسکول میں منائے گئے کھیلوں کے دن کی تقریب کی مکمل اخباری رپورٹ تحریر کیجئے۔

۱۲۔ معروضی سوالات کے جوابات میں سے دُرست جواب چن لیجئے : ۵×۱=۵

(i) پریم چند کا کونسا افسانہ درسی کتاب میں شامل ہے؟

(a) عید گاہ

(b) نمک کا داروغہ

(c) عبرت

(d) گلی ڈنڈا

(ii) ''مرحوم کی یاد میں'' کس کا لکھا ہوا انشائیہ ہے؟

(a) پریم چند

(b) پطرس بخاری

(c) سرسید

(d) شبلی

(iii) حاؔلی نے کس کے بارے میں یہ لکھا ہے کہ اس کو حیوان ناطق نہیں حیوان ظریف کہنا چاہیے ؟

(a) مرزا غالب

(b) سر سید

(c) شبلی

(d) مومؔن

(iv) ''ایک آرزو'' کس کی لکھی ہوئی نظم ہے ؟

(a) حالی

(b) چکبست

(c) اقبال

(d) جوش

(v) جوش کی کونسی نظم درسی کتاب میں شامل ہے۔

(a) ایک آرزو

(b) حسن اور مزدوری

(c) نیند

(d) شیشوں کا مسیحا کوئی نہیں۔